شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

20جنوری2023ء

پریس ریلیز

قومی اسمبلی کا صحابہ کرامؓ، امہات المومنینؓ اور اہل بیتؓ کی توہین پر عمر قید کی سزا کا قانون بنانا قابل صد تحسین ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): قومی اسمبلی کا صحابہ کرامؓ، امہات المومنینؓ اور اہل بیتؓ کی توہین پر عمر قید کی سزا کا قانون قابل صد تحسین ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے قرآن اکیڈمی لاہور میں خطاب جمعہ کے دوران کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں صحابہ کرامؓ سے اپنی رضا کا اظہار کیا ہے اور نبی اکرم ﷺ کی ازواجِ مطہرات کو اُمت کی ماؤں کا درجہ دے دیا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو ستاروں کی مانند قرار دیا ہے، جو امت کے لیے روشنی کے میناروں کی مانند ہیں اور اُن کی اتباع باعثِ ہدایت ہے۔ مملکتِ خداداد پاکستان میں کسی مسلمان کو ہرگز یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ صحابہ کرامؓ، امہات المومنینؓ اور اہل بیتؓ کا ذکر ایسے طریقے سے کرے جس میں اسلام کی اِن مقدس ہستیوں کی تضحیک کا معمولی سا بھی پہلو نکلتا ہو۔ حکومتِ پاکستان کا یہ فرض بنتا ہے کہ اس قانون پر سختی سے عمل درآمد کرائے اور تمام مسالک و مکاتبِ فکر کے علماء و خطباء ملی یکجہتی کو فروغ دینے کے لیے بھرپور جدوجہد کریں۔ تمام میڈیا چینلز اسلام کی مقدس ہستیوں کے حوالے سے کسی بھی قسم کی تضحیک آمیز گفتگو کی نشریات پر مکمل پابندی عائد کریں۔ ہمیں صحابہ کرامؓ کی تعظیم کے ساتھ ساتھ انفرادی اور اجتماعی سطح پر اُن کے طرزِ زندگی کو بھی اپنانا ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اسلام سے بغاوت کی روش کو ترک کر کے مسلمانانِ پاکستان اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کے سچے وفادار بن جائیں اور ملک میں نظامِ مصطفی ﷺ کے قیام کے لیے بھرپور جدوجہد کریں تاکہ ہم دنیا اور آخرت دونوں میں کامیاب و کامران ہو سکیں۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 20 January 2022

"The legislation done by the National Assembly to award life imprisonment on blasphemy against the Companions *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)*, the Mothers of the Faithful *(RA)* and the family *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)* is commendable."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The legislation done by the National Assembly to award life imprisonment on blasphemy against the Companions *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)*, the Mothers of the Faithful *(RA)* and the family *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)* is commendable."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during the Khitab-e-Jumu'ah at Qur'an Academy Lahore. He said that Allah *(SWT)* has expressed his pleasure with the Companions *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)* in the Holy Qur'an and given the lofty station of 'Mothers of the Faithful' to the wives *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)*. The Holy Prophet *(SAAW)* has termed his *(SAAW)* Companions *(RA)* as stars, all of whom are a lighthouse for the Muslim Ummah and following in their footsteps leads to guidance and the right path. No person in the Islamic Republic of Pakistan can be allowed to show even the slightest of disrespect, verbally or otherwise, to the Companions *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)*, the Mothers of the Faithful *(RA)* and the family *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)*. It is the responsibility of the government to ensure that the law is implemented in letter and the religious scholars and orators, belonging to the various schools of religious thought, must strive to achieve religious harmony in the country. The media channels must ban any such content that is blasphemous in any way to these lofty personalities of Islam. We must always honor the Companions *(RA)* of the Holy Prophet *(SAAW)* and also follow in their footsteps at the individual and collective levels. The need of the hour for the Muslims of Pakistan is to quit the attitude of betrayal towards Islam by becoming loyal to Allah *(SWT)* and His *(SWT)* Messenger *(SAAW)*. We must strive our utmost for establishing Nizam-e-Mustafa *(SAAW)* in their land, so that we could be successful in this world and in the Hereafter.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan